رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ ایئر (انٹر پارٹ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) **PAPER CODE = 6028** کل نمبر : 20

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1	''اسرارِ خودی'' کا عربی میں ترجمہ کرانا چاہتا تھا :	(A) ایک عرب	(B) ایک ہندوستانی	(C) ایک انگریز	(D) ایک جرمن
2	''مقطع'' کے لغوی معنی ہیں :	(A) چھپنے کی جگہ	(B) بیٹھنے کی جگہ	(C) مل جانے کی جگہ	(D) کٹ جانے کی جگہ
3	غزل کے اشعار میں قافیے کا استعمال ہے :	(A) لازمی	(B) غیر ضروری	(C) کوئی پابندی نہیں	(D) بے فائدہ
4	مشتاق احمد یوسفی نے ''طائرِ لاہوتی'' کے الفاظ استعمال کیے :	(A) مرغیوں کے لیے	(B) عقاب کے لیے	(C) کبوتر کے لیے	(D) کرگس کے لیے
5	لاہور کی ''انجمن'' نے مولانا گرامی کو لاہور آنے کی دعوت دی:	(A) انجمن خدام ملت	(B) انجمن پنجاب	(C) انجمن حمایت اسلام	(D) انجمن خدام الدین
6	زہراوی کے عہد میں مغرب کی عظیم یونی ورسٹی تھی :	(A) قرطبہ یونی ورسٹی	(B) آکسفورڈ یونی ورسٹی	(C) علی گڑھ یونی ورسٹی	(D) اسلامک یونی ورسٹی
7	''حسنِ مطلع'' آتا ہے :	(A) اصل مطلع سے پہلے	(B) اصل مطلع کے بعد	(C) غزل کے درمیان میں	(D) غزل کے آخر میں
8	ردیف ۔۔۔ زبان کا لفظ ہے :	(A) ہندی	(B) فارسی	(C) اُردو	(D) عربی
9-1	ہو بہو دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں :	(A) قافیہ	(B) ردیف	(C) تحریف	(D) تہذیب
10	حضرت قمر کو تقریب میں ''سبق'' ملا : (A) ادب لکھنا ضروری ہے (B) ادبی خدمت پوری عبادت ہے (C) ادب محنت سے پیدا ہوتا ہے (D) ادب بغیر لالچ کے پیدا ہوتا ہے				
11	تشبیہ کے لیے لازم ہے :	(A) مشترک آواز	(B) مشترک صفت	(C) مشترک لفظ	(D) مشترک بناوٹ
12	بچوں کو طیش آ ۔۔۔ :	(A) گئی	(B) گیا	(C) گئے	(D) گئیں
13	استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے :	(A) مجاز پر	(B) حقیقت پر	(C) ظاہریت پر	(D) داخلیت پر
14	زندگی کمپیوٹر ۔۔۔ نہیں :	(A) مانند	(B) جیسے	(C) جیسا	(D) جیسی
15	تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے :	(A) دو	(B) تین	(C) چار	(D) پانچ
16	نیک لوگوں کو فردوس ملے ۔۔۔ :	(A) گا	(B) گی	(C) گے	(D) گیں
17	''میرا چاند آ گیا'' اس میں وجہِ جامع ہے :	(A) چاند	(B) خوب صورتی	(C) بیٹا	(D) آ گیا
18	ایسی باتوں سے رعب ختم ہو ۔۔۔ ہے :	(A) جاتی	(B) جاتا	(C) جاتے	(D) جاتیں
19	جنوری کے بعد فروری ۔۔۔ ہے :	(A) آتی	(B) آتیں	(C) آتا	(D) آتے
20	''انا الحق'' ہے :	(A) استعارہ	(B) تلمیح	(C) تشبیہ	(D) وجہ تشبیہ